09.06.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد
Music

-----------------------------

☆ سینئر بی جے پی لیڈر نریندر مودی آج شام لگاتار تیسری میعاد کے لیے حلف لیں گے۔ وزراء کی نئی کونسل کو بھی حلف دلایا جائے گا۔

☆ SKM لیڈر پریم سنگھ تمانگ، کل سکم کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔

☆ اترپردیش سرکار، امتحانات میں پیپر لیک کے معاملوں سے نمٹنے کی غرض سے نیا قانون بنائے گی۔

☆ اسرائیل نے غزہ میں حماس کی قید سے چار یرغمالوں کو چھڑا لیا ہے۔

☆ کرکٹ میں: بھارت آج شام نیویارک میں ٹی-ٹوینٹی ورلڈکپ کے ایک میچ میں پاکستان کا سامنا کرے گا۔

☆ اور ٹینس میں: پیرس میں جاری فرنچ اوپن کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں آج اسپین کے Carlos Alcaraz جرمنی کے Alexander Zverev کا سامنا کریں گے۔

----------------------

Music
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Swearing in Ceremony**

بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج لگاتار تیسری میعاد کے لیے وزیر اعظم کے طور پر حلف لیں گے۔ وزراء کی نئی مرکزی کونسل کو بھی آج شام راشٹرپتی بھون میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گی۔صدرجمہوریہ نے جناب مودی کو نئی حکومت کی تشکیل کیلئے مدعو کیا تھا۔ حلف برداری کی تقریب آج شام سواسات بجے منعقد ہوگی۔
جمعہ کو جناب مودی نے صدرجمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور نئی حکومت بنانے کا دعویٰ پیش کیا تھا۔ بی جے پی کے صدر جے پی نڈا کی قیادت میں NDA کے ایک وفد نے بھی صدرجمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور ایک خط انہیں پیش کیا تھا جس میں

کہا گیا تھا کہ جناب نریندرمودی کو بی جے پی پارلیمانی پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔صدرجمہوریہ کو NDA کی حلیف پارٹیوں کی حمایت کے خطوط بھی سونپے گئے تھے۔

بہت سے پڑوسی ملکوں اوربحیرہ ہند کے خطے کے لیڈروں کو بھی نریندرمودی کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔

سری لنکا کے صدر رانیل وکرماسنگھا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو، Seychelles کے نائب صدر احمدعفیف اور بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ کے علاوہ ماریشش کے وزیراعظم پروندکمار Jugnuath، نیپال کے وزیراعظم پشپ کمل دہل پرچنڈ اور بھوٹان کے وزیراعظم Tshering Tobgay بھی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گے۔

**PM Rajghat**

جناب نریندر مودی نے آج نئی دلی میں راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی اور Sadaiv Atal پر سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کو خراج عقیدت پیش کیا۔جناب مودی نے قومی جنگی یادگار پر بھی گلہائے عقیدت نذر کیے۔

**Akashvani Swearing In Broadcast**

آکاشوانی دلی آج شام چھ بج کر 45 منٹ سے اپنے ایف ایم گولڈ، اندرپرستھ اور آکاشوانی لائیو نیوز 24X7 چینلوں پر راشٹرپتی بھون سے حلف برداری کی تقریب براہ راست نشر کرے گا۔ اسے آکاشوانی AIR اور آکاشوانی کے یوٹیوب چینل سے بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔

احمدآباد ، بنگلورو، چینئی، کٹک، گوہاٹی، حیدرآباد، امپھال، کولکاتہ،ممبئی اور تھیروواننت پورم کے آکاشوانی اسٹیشنز اپنی ریاست کے نیٹ ورک پر اپنی علاقائی زبانوں میں تبصرہ نشر کریں گے جنہیں ان ریاستوں میں سبھی پرائمری چینلوں اور مقامی ریڈیو اسٹیشن سے بھی نشر کیا جائے گا۔

**Traffic Advisory**

دلی ٹریفک پولیس نے آج قومی راجدھانی میں ٹریفک کے خصوصی انتظامات کئے ہیں۔ ٹرانسپورٹ بھون اور ٹی پوائنٹ رفیع احمد قدوائی مارگ کے درمیان سنسد مارگ سمیت کئی سڑکیں اور نارتھ ایوینیو روڈ، ساؤتھ ایوینیو روڈ، Kushak روڈ، راجا جی مارگ، کرشنا مینن مارگ، تال کٹورا روڈ اور پنڈت پنت مارگ آج دن کے دو بجے سے رات کے 11 بجے تک بند رہیں گے۔ دلی ٹریفک پولیس نے اپنی ایڈوائزی میں کہا ہے کہ امتیاز خان مارگ، رکاب گنج روڈ، رفیع احمد قدوائی مارگ، پنڈت پنت مارگ اور تال کٹورا روڈ کے نزدیک کسی بھی موٹر گاڑی کو کھڑی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، جبکہ ڈی ٹی سی تمام بسوں کو راشٹر پتی بھون کے اطراف کی سڑکوں پر چلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اِن راستوں پر عام لوگوں کے داخلے کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔

اس نے کہا ہے کہ ضرورت پڑنے پر ٹریفک کو پٹیل چوک، ریل بھون، گرودوارہ رکاب گنج، گول ڈاکخانہ، آر ایم ایل، جی پی او، پٹیل چوک، کرشی بھون، سنہری باغ، گول میتھی، جے جی پی او کے گول چکر اور تین مورتی پوائنٹس سے موڑ دیا جائے گا۔ دلی ٹریفک پولیس نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سنسد مارگ، امتیاز خان مارگ، رفیع احمد قدوائی مارگ، پنڈت پنت مارگ، راجا جی مارگ، تیاگ راج مارگ اور اکبر روڈ پر جانے سے گریز کریں۔ اس نے لوگوں کو یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ آئی ایس بی ٹی بس اسٹینڈ، ریلوے اسٹیشنس اور ہوائی اڈے جانے والے لوگ وقت سے پہلے گھر سے نکلیں۔

**Sikkim Swearing**

سکم میں، وزیراعلیٰ کی حیثیت سے پریم سنگھ Tamang اور اُن کی وزراء کی کونسل کی حلف برداری کی تقریب گینگٹوک میں Paljor اسٹیڈیم میں کل شام چار بجے منعقد ہوگی۔ گورنر لکشمن پرساد اچاریہ، جناب Tamang اور ان کی وزراء کی کونسل کو عہدہ اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔ SKM کے لیڈر Tamang دوسری مدت کے لیے حلف لیں گے۔

قابل ذکر ہے Tamang سکم کرانتی کار مورچہ کی قیادت کر رہے ہیں اور انھوں نے زبردست جیت کے ساتھ دوسری مدت کے لیے اپنا اقتدار برقرار رکھا ہے انھوں نے سکم قانون ساز اسمبلی کے چناؤ 2024 میں 32 میں سے 31 سیٹیں جیتی ہیں۔

**UP Paper Leak Law**

اترپردیش سرکار ، پیپرلیک کے معاملوں میں سے نمٹنے کی غرض سے ، ایک نیا قانون بنائے گی۔لکھنؤ میں ریاست کے بھرتی سے متعلق کمیشنوں کے سربراہان کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے زور دے کر کہا کہ پیپرلیک یا پیپر حل کرنے والے Solver گینگس جیسی انتشار پھیلانے والی غیر قانونی سرگرمیاں، ناقابل قبول ہیں اور اس قسم کے جرائم سے نمٹنے کی خاطر سخت اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی مجرمانہ سرگرمیوں سے نمٹنے کی غرض سے سخت قوانین بنائے جانے کی اشد ضرورت ہے۔ بھرتی کے امتحانات کے انعقاد کے عمل کو بہتر بنانے کے لئے بہت سے اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے، وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ صرف سرکاری

امداد یافتہ اداروں میں ہی امتحان کے مراکز قائم کئے جائیں گے، جن کے ہرکمرے میں CCTV کیمرے نصب ہوں گے اور امتحانات کے سبھی مراکز صرف شہری علاقوں میں ہوں گے۔

**NTA - NEET UG**

مرکزی وزارت تعلیم نے انڈر گریجویٹ میڈیکل کورسز میں داخلے کے قومی اہلیتی امتحان، NEET-UG میں ڈیڑھ ہزار سے زیادہ امیدواروں کو گریس نمبرات دیے جانے کے معاملے پر غور کرنے کے لیے چار رکنی پینل تشکیل دیا ہے۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے NTA کے ڈائریکٹر جنرل سبودھ کمار سنگھ نے کہا کہ UPSC کے سابق چیئرپرسن اس پینل کی سربراہی کریں گے۔ ڈائریکٹر جنرل نے مزید کہا کہ یہ پینل ایک ہفتے کے اندر اپنی تجویزیں پیش کرے گا اور ان امیدواروں کے نتیجوں پر نظرِ ثانی کی جا سکتی ہے۔

میڈیکل اور ڈینٹل کورسز میں داخلوں کے نتیجوں کا چار جون کو اعلان کیا گیا تھا، جس کے بعد سے امیدوار مختلف الزامات عائد کرتے ہوئے دوبارہ امتحانات کے انعقاد کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

اس معاملے میں کئی امیدواروں نے راحت پانے کے لیے عدالت سے بھی رجوع کیا۔ NEET امتحان میں ریکارڈ 24 لاکھ سے زیادہ رجسٹریشن ہوئے تھے اور 97 فیصد امیدواروں نے اِس میں شرکت کی تھی۔

**WB-Arrest**

مغربی بنگال پولیس نے بنگلہ دیش عوامی لیگ کے رکن پارلیمنٹ انوارالعظیم انار کے قتل کے سلسلے میں ایک اور خاص ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ انوارالعظیم ، پچھلے مہینے کولکاتہ میں ایک فلیٹ میں مُردہ پائے گئے تھے۔ گرفتار کئے گئے ملزم کی شناخت Siam Hussain کے طور پر کی گئی ہے اور بنیادی طور پر اس کا تعلق بنگلہ دیش کے بھولا ضلع کے برہان الدین سے ہے۔ حسین،

بنگلہ دیش کے رکن پارلیمنٹ کےقتل کے بعد نیپال فرار ہوگیا تھا۔
اس سے پہلے، اس کیس کے سلسلے میں، ایک مبینہ بنگلہ دیشی تارک وطن، جہاد حولدار کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ جبکہ خاص ملزم اختزالزماں ابھی تک فرارہے۔ اس کا پتہ چلانے میں مدد کی غرض سے انٹرپول سے رابطہ قائم کیا گیا ہے۔

**IMD Weather**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ اگلے چار دن کے دوران مشرقی اور وسطی بھارت کے حصوں میں شدید گرمی کے حالات بنے رہیں گے۔ اس نے کہا ہے کہ اترپردیش،مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، بہار، مغربی بنگال، اڈیشہ، پنجاب اور ہریانہ کے بعض حصوں میں اِس مہینے کی 12 تاریخ تک گرمی کی لہر برقرار رہے گی۔ اگلے چار دن کے دوران شمال مغربی بھارت میں درجہ حرارت میں تین سے چار ڈگری سیلسیس اضافہ ہونے کا امکان ہے، جبکہ مشرقی بھارت میں کل تک زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیسلیس کا اضافہ ہوگا۔ ملک کے باقی حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔ اِس دوران محکمہ موسمیات نے اگلے پانچ دن کے دوران شمال مشرقی بھارت، مغربی بنگال، بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ، مدھیہ پردیش اور چنڈی گڑھ میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ آئی ایم ڈی نے مزید کہا ہے کہ اِس طرح کے حالات اگلے چار دن کے دوران گوا، مہاراشٹر، کرناٹک، کیرالہ اور لکشدیپ میں بھی برقرار رہیں گے۔ جموں وکشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ سمیت شمالی بھارت میں بھی آج اِسی طرح کے حالات ہوں گے۔

**Maha IMD Orenge Alert**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے رتنا گیری، سندھودُرگ، ستارا اورکولہاپور اضلاع کے لئے کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش کے لئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے احمد نگر اور ناسک کے لئے گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور آسمانی بجلی گرنے کے بارے میں بھی اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ممبئی کے کئی حصوں اور اس کے مضافاتی علاقوں میں آج صبح ہلکی بارش ہوئی۔ محکمہ موسمیات نے ممبئی اور تھانے، رائے گڑھ اور پالگھر سمیت دیگر مختلف اضلاع کے لئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون، وسطی بحیرہ عرب کے کچھ حصوں اور ملک کے کئی حصوں سمیت جنوبی مہاراشٹر میں پہنچ گیا ہے۔

**Gaza- Hostages Recoverd**

اسرائیل نے اعلان کیا ہے کہ اُس نے Nuseirat میں ایک کارروائی کے دوران غزہ میں حماس کے قبضے سے چار یرغمالیوں کو چھڑا لیا ہے۔ حماس دہشت گرد تنظیم نے اِن چاروں کو گزشتہ برس 7 اکتوبر کو Nova موسیقی فیسٹول میں یرغمال بنایا تھا۔ حکام نے بتایا ہے کہ اِن چار یرغمالیوں کو وسطی غزہ پٹی میں ایک پیچیدہ خصوصی کارروائی میں چھڑایاگیا۔ یرغمالیوں کی طبی حالت ٹھیک ہے اور انہیں مزید طبی جانچ کے لیے اسپتال منتقل کردیاگیا ہے۔

**Pak-Imran Khan Wife**

پاکستان کے سابق وزیر اعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے اور عدت معاملے

میں اپنی سزا معطل کئے جانے کی درخواست کی ہے۔ اِس سے پہلے فروری میں دونوں کو 7 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی، کیونکہ ایک نچلی عدالت نے اُن کی شادی کو فریب آمیز پایا تھا۔ بشریٰ بی بی کے سابق شوہر نے عمران خان کے ساتھ ان کی شادی کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تھا اور اِس بات پر زور دیا تھا کہ یہ شادی عدت کی مدت کے دوران کی گئی ہے۔

**Cricket T-20**

مردوں کے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں آج بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔یہ میچ نیویارک میں Nassau کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوگا جو بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔میچ بھارت میں ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔روہت شرما کی قیادت میں بھارت نے آئرلینڈ کے خلاف آٹھ وکٹ سے شاندار جیت حاصل کی تھی اور اپنی مہم کا شاندار ڈھنگ سے آغاز کیاتھا۔ اس کے برعکس پاکستان کی ٹیم کو Dallas میں امریکہ کے ہاتھوں غیرمتوقع طور پر شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

ٹورنامنٹ کے گروپ سی کے میچ میں ویسٹ انڈیز نے یوگینڈا کو 134 رن کے بڑے فرق سے ہرا دیا۔ یوگینڈا کو 134 رن کا نشانہ ملا تھا مگر یوگینڈا کی پوری ٹیم 12 اوورس میں محض 39 رن پر آؤٹ ہوگئی۔

تیسرے میچ میں گروپ بی کے میچ میں Oman، اسکاٹ لینڈ کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے دس بجے اینٹی گوا کے نارتھ ساؤنڈ میں Sir Vivian Richard اسٹیڈیم میں ہوگا۔

کل رات برج ٹاؤن باربڈوز کے Kensington Oval میں آسٹریلیا نے انگلینڈ کو 36 رن سے ہرادیا۔

ایک دوسرے میچ میں نیویارک میں نساؤ کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے نیدرلینڈ کو چار وکٹ سے ہرادیا۔

**French Open**

پیرس میں جاری فرنچ اوپن ٹینس کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں آج اسپین کے Carlos-Alcaraz کا سامنا جرمنی کے الیگزینڈر Zverev سے ہوگا۔کل دنیا کی پہلے نمبر کی کھلاڑی، پولینڈ کی IGA-Swiater نے فرنچ اوپن کے خواتین کے سنگلز کا ٹائٹل جیتا۔ انہوں نے اٹلی کی Jasmine-Paolini کو چھ دو ، چھ ایک سے ہراکر یہ باوقار خطاب حاصل کیا۔